© rasailojaraid.com



میں ملنے والے وفد سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کے دفاع کے لیے محبّ وطن حلقوں کی ذمہ داریاں پہلے سے بڑھ گئی ہیں اور سیاست کے نام پر مداریوں کا کھیل کھیلنے والوں سے چھٹکارے کی فوری ضرورت ہے، انہوں نے تمام مسلمانوں اور اپنے متوسلین سے اپیل کی کہ ’’یوم تحفظ ختم نبوت‘‘ کے موقع پر 7 ستمبر کو ملک بھر میں ہونے والے اجتماعات میں بھر پور شرکت کریں، اِس موقع پر عبداللطیف خالد چیمہ نے اُن کو بتایا کہ امسال 7 ستمبر کو اندرون ملک اور بیرون ملک ’’یوم تحفظِ ختم نبوت‘‘ جوش وخروش اور اہتمام کے ساتھ منایا جا رہا ہے یاد رہے کہ خواجہ خلیل احمد 7 ستمبر کو مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے زیر اہتمام لاہور میں ’’یومِ تحفظ ختم نبوت‘‘ کے مرکزی اجتماع میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوں گے جبکہ اس اجتماع میں تمام مکاتب فکر کے سرکردہ رہنما شرکت وخطاب کریں گے۔

## مسافرانِ آخرت

● **سید عبدالستار شاہ صاحب ہمدانی مرحوم:** مولانا سید منظور الحسن ہمدانی شہید رحمہ اللہ کے چھوٹے بھائی سید عبدالستار شاہ ہمدانی طویل علالت کے بعد ۹ رشوال ۱۴۳۵ء، ۶ راگست ۲۰۱۴ء بروز بدھ خیر پور ٹامیوالی میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، سید وقار الحسن ہمدانی، سید محمد بلال ہمدانی اور سید سیف الرحمٰن ہمدانی کے چچا تھے۔ علمی وادبی ذوق کے حامل اور مطالعے کے رسیا تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

**اہلیہ مرحومہ ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن شاہ ہمدانی:** مولانا سید منظور الحسن ہمدانی شہید رحمہ اللہ کے بھاوج صاحبہ ۱ راگست ۲۰۱۴ء کو انتقال کر گئیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

● **حافظ نور احمد انبالوی مرحوم:** مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے سابق رکن حافظ نور احمد انبالوی، انتقال: ۲ راگست ۲۰۱۴ء ملتان۔

● **حافظ محمد ظفر صاحب مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام (ڈیرہ غازی خان) کے قدیم معاون۔ انتقال: ۱۷ رجولائی ۲۰۱۴ء

● **حاجی محمد اسلم مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام (ڈیرہ غازی خان) کے قدیم کارکن اور حاجی محمد ظفر مرحوم کے بڑے بھائی۔ انتقال: ۱۷ راگست ۲۰۱۴ء

● **قاری عبدالرحمٰن صاحب رحمہ اللہ:** مدرسہ تجوید القرآن چیچہ وطنی کے ناظم، پیر جی عبدالمجید رحمہ اللہ کے فرزند، پیر جی عبدالعلیم شہید رحمہ اللہ کے بھتیجے۔ انتقال: ۱۹ رشوال ۱۴۳۵ھ

● مولانا مشتاق احمد چنیوٹی کے بھائی **محمد شوکت مرحوم**، انتقال: ۹ راگست ۲۰۱۴ء

● **ہمشیر مرحومہ حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر**، مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم نشر واشاعت حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر (چیچہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وطنی) کی بڑی ہمشیر، انتقال: ۱۱/اگست ۲۰۱۴ء

- **بنت مرحومہ شرافت علی صاحب:** جامعہ بستانِ عائشہ دارِ بنی ہاشم ملتان کی سابق معلّمہ، انتقال: ۳/اگست ۲۰۱۴ء
- ادارہ نقیبِ ختم نبوّت کے معاون ڈاکٹر حافظ عبدالرحمٰن صاحب (ملتان) کی بھاوج انتقال: اگست ۲۰۱۴ء
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن جناب یوسف باوا کی مُمانی صاحبہ، انتقال: اگست ۲۰۱۴ء
- چیچہ وطنی جماعت اور دارالعلوم ختمِ نبوّت کے قدیم معاون خصوصی اور ہمارے مہربان رائے نیاز محمد خان کی اہلیہ ۲۳/ اگست کو انتقال کر گئیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین دعاءِ مغفرت و ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- جناب سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ۔
- چودھری محمد اکرام (لاہور)
- محمد بشیر چغتائی (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر) صاحب فراش ہیں۔
- مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن اور قدیم فدا کار احرار کارکن مولوی بلال احمد صاحب (رحیم یار خان) شدید علیل ہیں
- بورے والہ میں مجلس احرارِ اسلام کے معاون حافظ محمد عثمان کے والد حاجی ریاست علی صاحب علیل ہیں۔
- مجلس احرارِ اسلام چنیوٹ کے قدیم کارکن محمد عثمان صاحب علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

## مریض کی عیادت

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی ایسے مریض کی عیادت کی جس کو اس مرض میں موت نہیں آتی ہے اور اس نے اس کے پاس ہوتے ہوئے سات مرتبہ یوں پڑھا:

اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ

”میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جو عظیم ہے اور عرشِ عظیم کا رب ہے کہ تجھے شفاعطا فرمائے“

تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور اس مرض سے شفایاب فرمائے گا۔ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی)



© rasailojaraid.com